کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ

(اشتہار نیلامی برائے کرایہ داری حقوق کمرشل بلڈنگ واقع باغ جناح)

ہر خاص و عام بشمول کاروباری حضرات کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ اپنی درج ذیل کمرشل بلڈنگ واقع باغ جناح کے حقوق کرایہ داری برائے عرصہ پانچ سال ماہانہ کرایہ پر دینے کیلئے (جہاں ہیں اور جیسے ہے کی بنیاد پر) نیلام عام منعقد کر رہا ہے۔ خواہشمند حضرات تاریخ اور وقت مقررہ پر دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کمرشل بلڈنگ واقع باغ جناح کی تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	کمرشل بلڈنگ / لوکیشن	مقررہ ماہانہ کرایہ کمرشل بلڈنگ باغ جناح برائے 05 سال 10 فیصد سالانہ اضافہ کے ساتھ	زر بیعانہ کمرشل بلڈنگ باغ جناح	تاریخ نیلام	متبادل تاریخ
01	ایک عدد کمرشل بلڈنگ واقع باغ جناح برائے ریسٹورنٹ، جم کلب، سنوکر کلب، گیمنگ زون وغیرہ (مشتمل 02 عدد کمرے، 02 عدد ہال، کچن، 02 عدد واش روم) کل رقبہ 1845.2 مربع فٹ	-/3,00,000 روپے	-/15,000 روپے	14-12-2026	15-12-2026

شرائط:۔

1- نیلامی مقررہ تاریخ کو دن 00: 02 بجے شروع ہوگی۔ وہ حضرات جنہوں نے کال ڈیپازٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر نوشہرہ بمع قومی شناختی کارڈ جمع کروایا ہو وہی بولی میں حصہ لے سکیں گے۔

2- ایسا شخص یا فرم جو کینٹ بورڈ نوشہرہ کا نادہندہ / بلیک لیسٹ یا کسی مقدمہ بازی میں ملوث ہوگا وہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

3- نیلامی ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر ہوگی اور ماہانہ کرایہ میں 10 فیصد سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔ کرایہ داری حقوق 05 سال کے لیے ہوں گے جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہوگی۔ 05 سال کی میعاد ختم ہونے کے بعد کینٹ بورڈ فیصلہ کریگا کہ آیا اس کمرشل بلڈنگ کو دوبارہ نیلام کیا جائے یا موجودہ کرایہ دار کو دیا جائے۔ اگر بورڈ موجودہ کرایہ دار کو کمرشل بلڈنگ دینے کا فیصلہ کرتا ہے تو کرایہ داری کی مدت میں 02 دفعہ توسیع 05 سال کیلئے کر سکتا ہے۔ جس میں توسیع کے پہلے سال کم از کم 25٪ اضافہ ہوگا۔ اور اس کے بعد ہر سال 10 فیصد یا مارکیٹ کے مطابق اضافہ ہوگا۔

4- اول نمبر اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ گان کے علاوہ باقی تمام بولی دہندہ گان کو ان کے کال ڈیپازٹ نیلامی کے اختتام پر اگلے روز واپس کر دیئے جائیں گے۔

5- قبضہ کمرشل بلڈنگ کرایہ داری کی حتمی منظوری بورڈ سے ملنے کے بعد 07 دن کے اندر معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل اور تین ماہ کا کرایہ بطور سیکیورٹی جمع کرنے کے بعد دیا جائے گا۔ بصورت دیگر پہلے سے جمع شدہ زر بیعانہ کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائی گی اور کمرشل بلڈنگ دوبارہ نیلام کر دی جائے گی۔ جس پر بولی دہندہ کو اعتراض کرنے کا کوئی قانونی حق حاصل نہ ہوگا۔

6- کامیاب بولی دہندہ / کرایہ دار کو کاروباری سرگرمی شروع کرنے اور جگہ تیار کرنے کیلئے 03 ماہ کا گریس ٹائم دیا جائے گا۔ جس میں کسی قسم کی توسیع نہیں دی جائے گی۔ اور چوتھے ماہ سے کرایہ وصول کیا جائے گا۔

7- مذکورہ بالا سرگرمیوں کے علاوہ کسی دوسری کاروباری سرگرمی کا آغاز بورڈ کی پیشگی کی اجازت سے مشروط ہوگی۔ کسی قسم کی غیر قانونی غیر اخلاقی یا خلاف ضابطہ سرگرمی کی اجازت نہیں ہوگی۔

8- کرایہ ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

9- کامیاب بولی دہندہ کمرشل بلڈنگ کسی دوسری پارٹی یا فرد کو کرایہ داری حقوق بورڈ کی منظوری کے بعد مجوزہ ٹرانسفر فیس کی ادائیگی کے تحت ٹرانسفر کر سکتا ہے۔ اور کرایہ داری کی بقایا مدت کے لئے نئے کرایہ دار کے ساتھ کرایہ داری کا معاہدہ کیا جائے گا۔

10- کامیاب بولی دہندہ حکومت کے مجوزہ قانون کے مطابق انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

11- کامیاب بولی دہندہ اپنے کمرشل بلڈنگ کے Utility Bills باقاعدگی سے ادا کرنے کا پابند ہوگا اور کسی قسم کے واجبات کی صورت میں کرایہ دار قانونی طور پر خود ذمہ دار ہوگا

12- زیرد ستخطی یا بورڈ وجہ بتائے بغیر بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

13- کامیاب بولی دہندہ کمرشل بلڈنگ کی مرمت اپنے خرچے پر کینٹ بورڈ کی منظوری سے کروائے گا ہر قسم کی صفائی و ستھرائی کی ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ کی ہوگی۔ کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر کو اختیار حاصل ہے کہ وہ خود یا بذریعہ نمائندہ کسی بھی وقت کمرشل بلڈنگ کا معائنہ کر سکتا ہے۔

14- کینٹونمنٹ بورڈ اور کرایہ دار کے مابین کسی بھی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کینٹونمنٹس پشاور ثالث تصور ہوگا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہونگے۔

15- دیگر شرائط کمرشل بلڈنگ سائز و نقشہ دفتری اوقات میں کنٹونمنٹ بورڈ آفس سے دیکھی یا معلوم کی جاسکتی ہیں۔

16- نیلامی پیپر اور لز 2004 کے مطابق ہوگی اور اشتہار پیپر اویب سائٹ پر بھی دیکھا جاسکتا ہے۔

المشتہر:

کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر نوشہرہ کینٹ

0923- 9220089